



# اپنے بَل بوتے پر مودی حکومت کچھ نہیں کرسکتی



روش کمار

بیوروکریسی میں اپنے ہم خیال عناصر کی شمولیت کے ذریعہ اپنے ایجنڈہ کو آگے بڑھانے کا بی جے پی پر اپوزیشن نے بار بار الزام عائد کیا اور ثبوت کے طور پر ایسے عہدہ داروں کے نام بھی پیش کئے جن کی خدمات میں متعدد مرتبہ توسیع کی گئی اور ان میں کئی ایسے عہدہ دار بھی ہیں جو برسوں سے ایک ہی ریاست میں اپنی سبکدوشی کے باوجود خدمات انجام دے رہے ہیں۔ بی جے پی پر یہ بھی الزام ہے کہ وہ سنگھی ذہنیت کے حامل لوگوں کو اہم عہدوں پر فائز کرتی ہے اور وہ حکومت کے اشاروں پر، اور حکومت آر ایس ایس کے اشاروں پر کام کرتے ہوئے نہ صرف قابل ترین لوگوں کو اہم محکمہ جات سے دور رکھتی ہیں بلکہ ایسے اقدامات کر بیٹھتی ہیں جو ملک کے



دستور اور ملک کی جمہوریت کے مغائر ہوتے ہیں۔ بہرحال فی الوقت مودی حکومت نے حسب عادت وحسب روایت اقدامات کرتے ہوئے (عوام کی توجہ اصل مسائل سے) ہٹا کر غیر ضروری مسائل کی جانب مبذول کروانے 24 مرکزی وزارتوں میں ڈپٹی سکریٹریز، ڈائرکٹرس، ڈپٹی ڈائرکٹرس و دیگر اہم عہدوں پر Lateral Entry کے ذریعہ تقررات یا بھرتیاں کرنے کا فیصلہ کیا اور 40-45 جائیدادوں پر بھرتی کیلئے اشتہار بھی جاری کردیا لیکن اپوزیشن اس کے خلاف اُٹھ کھڑی ہوئی اور مرکزی حکومت کی نیت اور اس کے ارادوں پر سوال اُٹھائے۔ تب حکومت نے مرکزی وزیر جتیندر سنگھ کے ذریعہ یونین پبلک سروس کمیشن کے سربراہ کے نام ایک مکتوب روانہ کیا ہے، اس کیلئے کہا جاتا ہے کہ دفتر وزیر اعظم سے ہدایات ملی تھیں کہ اس ضمن میں جو اشتہار جاری کیا گیا اسے کینسل یا منسوخ کردیا جائے۔ آپ کو بتادیں کہ Lateral انٹری سے اعلیٰ عہدہ دار ہٹانے سے متعلق اشتہار اب واپس ہوگیا ہے۔ 17 اگسٹ کو 45 عہدوں کیلئے یہ اشتہار جاری کیا گیا تھا اور پھر 20 اگسٹ یعنی اندرون 3 دن واپس لے لیا گیا ہے۔ 24 وزارتوں کے ڈپٹی سکریٹریز، ڈائرکٹرس اور ڈپٹی ڈائرکٹرس کے عہدوں کیلئے یہ اشتہار جاری کیا گیا تھا۔ 2016 میں ان ہی جتندر سنگھ نے بحیثیت مملکتی وزیر پارلیمنٹ میں کہا تھا کہ بناء سیاسی اتفاق رائے سے یہ اسکیم نافذ نہیں کی جائے گی۔ 2024 میں سیاسی سطح پر مخالفت کی وجہ سے اس کے اشتہار کو واپس لینا پڑا لیکن یہ اسکیم ابھی واپس نہیں ہوئی ہے۔ سوال یہ ہے کہ 2016 سے لیکر 2024 کے درمیان سیاسی اتفاق رائے بنانے کیلئے مودی حکومت نے کیا اقدامات کئے اور تحفظات کی یاد اب کیوں آئی؟ ہم یہ بھی بات کریں گے کہ کیا کانگریس کی زیر قیادت یو پی اے حکومت میں Lateral Entry کا تقابل مودی حکومت کے Lateral Entry سے کیا جاسکتا ہے۔ 17 اگسٹ کو Lateral Entry کے اشتہار جاری کئے جانے کے ساتھ ہی INDIA بلاک میں شامل جماعتوں نے احتجاج شروع کردیا۔ اتحاد کے باہر کی اپوزیشن جماعتوں نے بھی احتجاج کیا اور حکومت کے اندر سے بھی مخالفت کی گونج سنائی دی۔ تین دن کے اندر ہی آئی اے ایس عہدوں پر 45 لوگوں کو بازو سے داخل کروانے کا اشتہار اب بازو رکھ دیا گیا۔ یہ تیسرا موقع ہے جب حکومت نے اپنے اس طرح کے قدم اُٹھائے ہیں اور واپس لئے ہیں جیسے وقف ترمیمی ایکٹ کو مشترکہ پارلیمانی کمیٹی کے حوالے کردیا گیا۔ براڈ کاسٹنگ بل کا ڈرافٹ (مسودہ) کچھ لوگوں کو دے کر اب واپس منگوالیا گیا اور Lateral Entry کا اشتہار جاری کرکے واپس لے لیا گیا۔ اس واپسی کو بھارتی جمہوریت کیلئے ایک اچھے شگون کی شکل میں دیکھا جانا چاہیئے کہ اب مخالفت کی آواز سنائی بھی دیتی ہے اور حکومت تک پہنچ بھی جاتی ہے، کس کی مخالفت کا اثر ہوا ہے یہ کہنا مشکل ہے کم سے کم ایک کی مخالفت کا اثر تو نہیں ہوا۔ 'انڈین ایکسپریس' میں جنتا دل (یو) اور لوک جن شکتی پارٹی کے لیڈروں کا بیان ہے، کے سی تیاگی نے کہا کہ یہ ہمارے لئے فکرمندی کی بات ہے، انہوں نے تحفظات کی بنیاد پر اس کی مخالفت کی اس سے پہلے حکومت کی ایک اور اتحادی جماعت کے لیڈر اور کابینی وزیر چراغ پاسوان نے بھی تحفظات کی بنیاد پر Lateral Entry کی مخالفت کی مگر چندرا بابو نائیڈو کی TDP نے اس کی تائید وحمایت کی۔ بی ایس پی کی سربراہ مایاوتی نے اس کی مخالفت کی۔ اپوزیشن خیمہ میں کانگریس صدر ملکارجن کھرگے، راہول گاندھی اور سماج وادی پارٹی کے سربراہ اکھلیش یادو، آر جے ڈی کے تیجسوی یادو اور منوج جھا نے اس کی مخالفت کی ہے۔ آزاد سماج پارٹی کے رکن پارلیمنٹ چندر شیکھر آزاد راون نے بھی مخالفت کی ہے۔ سب کی مخالفت کی بنیاد یہی سمجھ آئی کہ اس میں تحفظات نہیں ہیں، تحفظات کو ختم کرنے کا یہ ایک نیا طریقہ ہوگیا ہے اس کے ذریعہ او بی سی، پسماندہ طبقات اور درج فہرست طبقات وقبائل کا حق مارا جارہا ہے۔ Lateral Entry کا اشتہار واپس لیا گیا ہے۔ راہول گاندھی نے لیٹرل انٹری کی مخالفت میں ٹوئیٹ کیا تب اس بات کو لیکر انہیں تنقید کا نشانہ بنایا جانے لگا کہ ایس سی، ایس ٹی ذیلی زمرہ بندی پر ٹوئیٹ کیوں نہیں کرپارہے ہیں لیکن لیٹرل انٹری پر بیان دے رہے ہیں۔ یہی نہیں حکومت کی طرف سے اور حکومت کے حامیوں کی طرف سے ریسرچ کیا جانے لگا ہے کہ لیٹرل انٹری کی اسکیم تو کانگریس کے دور اقتدار میں آئی۔ سوشیل میڈیا پر ایک طبقہ حکومت کو بچانے میں مصروف ہوگیا اور اس کیلئے کانگریس کو قصوروار بتانے میں کافی محنت کررہا تھا کہ تب ہی حکومت نے کانگریس کو ہی قصوروار بناتے ہوئے اپنا اشتہار واپس لے لیا اور حامیوں کی محنت پر پانی پھیر دیا۔ کانگریس لیڈر جے رام رمیش نے ٹوئیٹ کیا کہ نوکر شاہی میں بڑے پیمانے پر لیٹرل انٹریز اسکیم کیلئے 19 اگسٹ تک مرکزی وزراء کی جانب سے ڈاکٹر منموہن سنگھ کو ذمہ دار ٹھہرایا جارہا تھا، کچھ مہربان تنقید کرنے والوں نے پنڈت جواہر لال نہرو کو بھی ذمہ دار ٹھہرادیا اور اب وہی وزیر اچانک پٹری سے اُتر گئے ہیں اور Non Biological وزیر اعظم کو سماجی انصاف کا حمایتی بتانے پر مجبور ہورہے ہیں جو کہ اب اور زیادہ بے نقاب ہوچکے ہیں۔ Hypo Cracy کی کوئی سرحد نہیں ہے، حد نہیں ہے۔ کانگریس کے ترجمان پون کھیرا کا اس بارے میں کہنا ہے کہ مرکزی حکومت اپوزیشن کے دباؤ میں آکر اپنے ہی اتحادی جماعتوں کے دباؤ میں آکر جو لیٹرل انٹری کا اشتہار تھا اسے واپس لینے کا یو پی ایس سی کو حکم دیا ہے، کانگریس اس کا خیر مقدم کرتی ہے اور وزیر اعظم کو نریندر مودی کو ایک مشورہ بھی دیتے ہیں کہ اب وقت آ گیا ہے کہ ملک کے من کی بات سننا شروع کیجئے اور یہ ملک اپنے من کی بات اپوزیشن کے ذریعہ سے بولتا ہے۔ ملک اپنے من کی بات آپ کی اتحادی جماعتوں کے ذریعہ بولتا ہے۔ میڈیا کے ذریعہ تو خیر اب نہیں بولتا لیکن ہم سب کی بات سنیئے اسی میں آپ کی بھلائی ہے، اب آپ کی عادت پڑ جانی چاہیئے، اب آپ اتحاد میں ہیں آپ بادشاہت دکھا کر جو من میں آئے وہ فیصلہ نہیں لے سکتے اس لئے اپنے اتحاد کی سن کر فیصلہ کیا کریں تا کہ وہ فیصلہ بار بار واپس لینا نہ پڑے۔ مودی حکومت کے مملکتی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے یو پی ایس سی کو مکتوب لکھ دیا اور ٹوئیٹ بھی کیا۔ انہوں نے تفصیل سے بتایا کہ لیٹرل انٹری کو 2005 کے انتظامی اصلاحات کمیشن میں منظوری دی گئی جس کے سربراہ ویرپا موئیلی تھے۔ 2013 کے چھٹویں پے کمیشن میں بھی اس بارے میں تجاویز پیش کی گئیں۔ دیکھئے حکومت کتنا پیچھے جاتی ہے اپنے کام کو درست ٹھہرانے کیلئے یا اپنی غلطی پکڑے جانے پر ذمہ داری دوسروں کے سر تھوپنے کیلئے، لیکن اس سے پہلے اور بعد میں کئی ہائی پروفائیل لوگوں کو لیٹرل انٹری کے ذریعہ بیوروکریسی میں شامل کروالیا گیا، یہ جتیندر سنگھ اپنے مکتوب میں لکھتے ہیں۔ مکتوب میں وہ یہ بھی بتاتے ہیں کہ سابقہ حکومتوں میں کن عہدوں پر لیٹرل انٹری کے ذریعہ لوگوں کو فائز کیا گیا اور ان میں تحفظات پر عمل آوری نہیں کی گئی۔ سونیا گاندھی کی قیادت والے قومی مشاورتی کونسل میں بھی تحفظات نہیں تھے پہلے لیٹرل انٹری کے ذریعہ تقررات کی سہولت دی گئی جبکہ این ڈی اے نے اسے دستوری شکل دی اس کے ذریعہ سماجی انصاف کو یقینی بنانا ضرور تحفظات کی بنیاد پر لیٹرل انٹری کی مخالفت ہورہی ہے لیکن کیا اس احتجاج میں یہ شامل نہیں کہ اس سہولت میں شفافیت نہیں ہے، اعتماد و بھروسہ نہیں ہے مگر وزیر موصوف کہتے ہیں کہ یہ پوری شفافیت کے ذریعہ کیا جارہا ہے۔ بہرحال حکومت کو یہ جان لینا چاہیئے کہ فی الوقت وہ من مانی نہیں کرسکتی، جو دل میں آیا وہ کرنے کے قابل نہیں رہی۔ ایسے میں اسے اپوزیشن کے ساتھ ساتھ خود اپنے اتحاد میں شامل جماعتوں سے بھی صلاح ومشورہ کرنا چاہیئے۔ اپوزیشن نے واضح طور پر کہہ دیا کہ حکومت کی نیت ٹھیک نہیں ہے وہ لیٹرل انٹری کے ذریعہ اپنے مختلف لوگوں کو فائز کرکے اپنے مفادات کی تکمیل چاہتی ہے اور اپنا ایجنڈہ پورا کرنے کی خواہاں ہے۔

## 'پڑھو گے، لکھو گے تو بنو گے نواب'۔۔۔
## لیکن چور کو دورانِ واردات کتاب پڑھنا مہنگا پڑ گیا

زہرہ فاطمہ



'کھیلو گے، کُودو گے تو ہو گے خراب۔۔۔ پڑھو گے لکھو گے تو بنو گے نواب'، بچوں کو پڑھائی پر آمادہ کرنے کے لیے یہ موٹیویشنل اشعار شاید آپ نے بھی سنے ہوں گے لیکن کبھی یہ سُنا کہ پڑھنے سے کسی کا نقصان ہوگیا ہو۔ یہ نہ تو کوئی فلمی کہانی ہے، نہ کوئی دیومالائی یا افسانوی کہانی ہے لیکن یہ ایک ایسا واقعہ ہے جس کا رشتہ دیومالائی واقعے سے جڑ گیا ہے۔ اس میں ایک چور ایک گھر میں چوری کی نیت سے داخل ہوتا ہے لیکن وہ چوری کے بجائے وہاں پڑی کتاب پڑھنے لگتا ہے اور اس میں اتنا غرق ہوجاتا ہے کہ اسے پتا بھی نہیں چلتا کہ کب گھر والے جاگ گئے۔ اطالوی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق گذشتہ دنوں روم میں ایک مبینہ چور اس وقت پکڑا گیا جب وہ چوری کے دوران یونانی دیوتاؤں سے متعلق ایک کتاب پڑھنے بیٹھ گیا۔ رپورٹ کے مطابق مبینہ چور 38 سالہ نوجوان ہے جو بالکونی کے ذریعے اطالوی دارالحکومت کے پراتی ضلع میں ایک فلیٹ میں داخل ہوا تھا لیکن ایک پلنگ کے ساتھ لگی میز پر ایک کتاب دیکھ کر وہ بھول جاتا ہے کہ وہ وہاں کس لیے آیا تھا۔ وہ میز سے ہومر کی معروف زمانہ کتاب الیاڈ کے بارے میں تحریر کردہ ایک کتاب اٹھا کر پڑھنے لگتا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ جب گھر کے 71 سالہ مالک بیدار ہوئے تو انھوں نے مبینہ چور کو دیکھا جو کتاب پڑھنے میں مگن تھا۔ انھوں نے ایک انجان شخص کو اپنے گھر میں دیکھ کر اسے ٹوکا تو وہ وہاں سے بھاگ کھڑا ہوا۔ اس ناکام ڈکیتی کی خبریں جب کتاب کے مصنف تک پہنچیں تو انھوں نے مقامی میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ وہ اس شخص کو اپنی کتاب کی ایک کاپی بھیجنا چاہتے ہیں تاکہ وہ اس کتاب کو 'ختم' کر سکے۔ بے خبری میں پکڑے جانے کے بعد مبینہ چور نے مبینہ طور پر اسی بالکونی سے نکل کر تیزی سے فرار ہونے کی کوشش کی، لیکن کچھ ہی دیر بعد اسے گرفتار کرلیا گیا۔ اطلاعات کے مطابق گرفتاری کے بعد اس نے پولیس کو بتایا کہ وہ اپنے ایک شناسا سے ملنے کے لیے عمارت میں داخل ہوا تھا۔ اس نے کہا: 'میں نے سوچا کہ میں بی اینڈ بی میں پہنچ گیا ہوں اور جب میں نے کتاب دیکھی تو اسے پڑھنا شروع کر دیا۔' اس کتاب کے مصنف جیوانی نوچی نے اپنی کتاب 'دی گاڈ ایٹ سکس او کلاک' میں دیوتاؤں کے نقطہ نظر سے ہومر کی تصنیف الیاڈ کی تشریح وتوضیح پیش کی ہے۔ انھوں نے ال مساجیرو کو بتایا کہ 'یہ لاجواب ہے۔' ''میں رنگے ہاتھوں پکڑے جانے والے شخص سے مل کر اسے یہ کتاب دینا چاہتا ہوں تاکہ وہ اس کو مکمل پڑھ سکے کیونکہ وہ اسے ختم کرنے سے پہلے ہی گرفتار کرلیا گیا ہوگا۔'' 'یہ ایک حقیقی اور انسانیت سے بھری ہوئی کہانی ہے۔' مبینہ طور پر چور کے پاس سے ایک بیگ برآمد ہوا جس میں مہنگے کپڑے تھے جو خیال ہے کہ کہ اس نے اسی شام ایک دوسرے گھر سے چرائے تھے۔ مصنف نوچی نے کہا کہ ذاتی طور پر ان کا پسندیدہ دیوتا ہرمس ہے جو یونانی دیومالائی کہانی میں چوروں کا دیوتا ہوتا ہے۔ انھوں نے ازراہِ مذاق کہا کہ 'وہ چوروں کے دیوتا کے ساتھ ادب کا بھی دیوتا ہے۔ یہ واضح ہے: سب کچھ اس کہانی کے ساتھ فٹ بیٹھ رہا ہے۔'

# بنگلہ دیش کی پاکستان پر ٹیسٹ کرکٹ میں پہلی فتح

## 'بنگلہ دیش نے ملک میں ہلچل، کھلاڑی پر مقدمے کو خود پر سوار نہیں ہونے دیا'



شاید یہ خبر پاکستان میں کرکٹ کے مداحوں نے کبھی اپنے جیتے جی سننے کے بارے میں سوچا بھی نہیں ہوگا، لیکن آج پاکستان کو بنگلہ دیش نے ہوم گراؤنڈ پر ٹیسٹ کرکٹ میں تاریخ میں پہلی مرتبہ شکست دے دی ہے۔ جس پچ کے بارے میں پاکستانی بولرز کا خیال تھا کہ یہ نہ تو فاسٹ بولرز اور نہ ہی سپنرز کے لیے سازگار ہے، اسی پچ پر بنگلہ دیش کی نوجوان بولنگ لائن اپ نے پاکستانی بیٹنگ کو 146 رنز پر ڈھیر کر دیا۔ راولپنڈی میں کھیلے جانے والے پہلے ٹیسٹ کے پہلے چار روز کے دوران بات صرف پچ کے فلیٹ ہونے پر ہوتی رہی جہاں پاکستان کے سعود شکیل اور محمد رضوان بڑی سنچریاں بنانے میں کامیاب ہوئے جبکہ بنگلہ دیش کے مشفق الرحیم نے 191 رنز کی شاندار اننگز کھیلی۔ تاہم پانچویں روز کے آغاز پر کسی کے وہم وگمان میں بھی نہیں تھا کہ آج چائے کے وقفے سے پہلے ہی بنگلہ دیشی ٹیم فتح کا جشن منا رہی ہوگی۔ یہ گذشتہ ایک سال کے دوران پاکستانی کرکٹ کی تنزلی کی کہانی رہی ہے جس میں پاکستان کو ایشیا کپ، ورلڈ کپ اور ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں تو پہلے ہی راؤنڈز میں باہر ہونا پڑا ہے، لیکن ساتھ ہی ٹیسٹ کرکٹ میں بھی اسے یکے بعد دیگرے ہوم ٹیسٹ سیریز اور بین الاقوامی دوروں میں بھی شکست کا سامنا رہا ہے۔ شاید اس ٹیسٹ میچ میں پاکستان کی جانب سے پچ کے حوالے سے کی گئی تنقید ضرورت سے زیادہ تھی اور اس کے برعکس بنگلہ دیش کے بولرز کی جانب سے نپی تلی بولنگ کی گئی اور ڈسپلن قائم رکھا گیا جبکہ پاکستانی بولرز نہ تو ردھم میں دکھائی دیے اور نہ ہی کسی منصوبے کے ساتھ میدان میں آئے۔ آج یہی غلطی پاکستانی بلے بازوں کی جانب سے بھی دیکھنے کو ملی جنھیں بظاہر یہی سمجھ نہیں آ رہی تھی کہ وہ جارحانہ انداز اپنائیں یا دفاعی انداز میں کھیلتے ہوئے میچ کو ڈرا کی طرف لے جائیں۔ اس ابہام کا فائدہ بنگلہ دیش کے سپنرز نے اٹھایا جنھوں نے ایک ایسی پچ پر جہاں بقول نسیم شاہ 'پچ نہ تو فاسٹ بولرز اور نہ ہی سپنرز کے سازگار ہے' پاکستان کے سات بلے بازوں کو پویلین کی راہ دکھائی۔ متعدد پاکستان بلے باز انتہائی غیر ذمہ دارانہ سٹروکس کھیلتے ہوئے آؤٹ ہوئے اور پچ پر جم کر بیٹنگ نہ کر سکے۔ صائم ایوب تو گذشتہ روز ہی ایک رن بنا کر پویلین لوٹ گئے تھے لیکن کپتان شان مسعود آج پہلے ہی گھنٹے میں وکٹ کیپر کو کیچ دے بیٹھے۔ بابر اعظم اور عبداللہ شفیق کے درمیان ایک اچھی شراکت بن رہی تھی لیکن بابر بھی صرف 21 رنز بنا کر کور ڈرائیو کھیلنے کی کوشش میں بولڈ ہوگئے۔ پہلی اننگز میں سنچری بنانے والے سعود شکیل دوسری اننگز میں صفر پر سٹمپ ہوئے تو پاکستانی بیٹنگ کی صورتحال خراب سے خراب تر ہوتی دکھائی دی اور یہاں ایک بار پھر محمد رضوان کی نصف سنچری نے پاکستانی بیٹنگ کو سہارا تو دیا اور اننگز کی شکست سے بچایا لیکن وہ بھی آخرکار 51 رنز بنا کر پویلین لوٹ گئے اور پھر ٹیل اینڈرز بھی سکور میں خاطر خواہ اضافہ نہیں کر سکے۔ بنگلہ دیش کو جیت کے لیے 30 رنز درکار تھے جو انھوں نے صرف سات اوور میں مکمل کر لیے اور پاکستان کو دس وکٹوں سے شکست دے دی۔ بنگلہ دیش کے تجربہ کار وکٹ کیپر بیٹر مشفق الرحیم کو پہلی اننگز میں 191 رنز بنانے پر مین آف دا میچ قرار دیا گیا۔ مشفق الرحیم نے اعلان کیا کہ وہ اپنی انعامی رقم بنگلہ دیش میں سیلاب متاثرین کو عطیہ کر رہے ہیں۔ بنگلہ دیش کے کپتان نجم الحسن شانتو اپنی ٹیم کی کارکردگی پر بہت خوش نظر آئے اور انھوں نے کہا کہ 'اس سیریز کے شروع ہونے سے پہلے ہم نے سوچا تھا کہ ہم اس مرتبہ جیتیں گے۔' انھوں نے تجربہ کار بیٹر مشفق الرحیم کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ وہ برسوں سے بنگلہ دیش کے لیے یہ ذمہ داریاں نبھا رہے ہیں۔ 'بنگلہ دیش نے ملک میں ہلچل، کھلاڑی پر مقدمے کو خود پر سوار نہیں ہونے دیا' ہاں کرکٹ دیکھنے والے پاکستانی ٹیم کی خراب کارکردگی پر تنقید کر رہے ہیں وہیں بنگلہ دیش کی ٹیم کو بھی سراہ رہے ہیں۔ اجمل جامی لکھتے ہیں کہ: 'ملک میں ہلچل مچی ہوئی ہے، بنگلہ دیش کی ٹیم کا ایک اہم کھلاڑی مقدمے میں نامزد ہے پھر بھی ٹیم نے اسے اپنے حواس پر سوار نہیں کیا۔' وہ مزید کہتے ہیں کہ 'انھیں پاکستانی کرکٹ ٹیم میں دراڑیں نمایاں نظر آ رہی ہیں۔' ٹیسٹ میچ کے پہلے دن سے ہی کافی لوگ یہ کہتے ہوئے نظر آ رہے تھے کہ راولپنڈی کرکٹ گراؤنڈ کی پچ ناقص ہے لیکن جیسے ہی میچ میں بنگلہ دیش کا پلڑا بھاری ہوا صارفین کے خیالات بھی بدلے بدلے نظر آئے۔ سید علی عمران نامی ایکس صارف نے لکھا کہ آخر میں پچ کا کوئی قصور سامنے نہیں آیا بلکہ یہ معاملہ ہمارے کھلاڑیوں کی صلاحیتوں اور معیار کا ہے۔ پاکستان کی ٹیم یہ میچ بنا کسی سپن بولر کے کھیل رہی تھی۔ صارفین کا یہ بھی کہنا ہے کہ پاکستان یہ ٹیسٹ میچ غلط سلیکشن کے سبب ہارا ہے۔ ایک ایکس صارف نے لکھا کہ 'ابرار جیسے ایک باصلاحیت سپنر کو ڈراپ کر دیا اور یہ تباہ کن ثابت ہوا کیونکہ بنگلہ دیشی سپنرز نے میچ میں 16 میں سے نو وکٹیں حاصل کیں۔'

# یوگی یا شاہ نہیں بیرین سنگھ، مودی کا حقیقی ولیعہد!

از قلم: ڈاکٹر سلیم خان

منی پور کے تنازع کی جڑ ریزرویشن ہے۔ ریزرویشن کو ختم کا بالواسطہ طریقہ یہ ہے کہ اسے براہ راست منسوخ کردیا جائے اور بلا واسطہ طریقہ ہے کہ تقریباً سبھی کو اس سے نواز دیا جائے ۔ منی پور میں کوکی قبائل کے ساتھ اکثریتی میتئی سماج کو بھی اس کا حقدار بنانے کی سعی کی گئی۔ بی جے پی اس خوش فہمی کا شکار تھی کہ اس طرح نوے فیصد سے زیادہ لوگ اس کے احسانمند ہوجائیں گے لیکن ایسا نہیں ہوا بلکہ کوکی اور میتئی آپس میں لڑ پڑے اور ایسا تشدد پھوٹا کہ جس کی آگ پر سوا سال بعد بھی قابو نہیں پایا جاسکا۔ 3 مئی 2023 سے اب تک سرکاری اعداد وشمار کے مطابق کم از کم 226/افراد منی پور تشدد میں ہلاک ہوچکے ہیں۔ اس حوالے سے امسال 7/اگست کو کوکی اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن نے ایک ریکارڈنگ کے اقتباسات ذرائع ابلاغ شیئر کیے جسے کئی سوشل میڈیا ہینڈل کے ذریعے نشر کیا گیا۔ دی وائر کو باوثوق ذرائع سے جولائی میں یہ ریکارڈنگ مل چکی تھی، لیکن اس نے قانونی طور پر تشکیل شدہ تحقیقاتی کمیٹی میں اس کے جمع ہونے کے بعد بڑی جرأتمندی سے نشر کردیا۔ منی پور میں تشدد کی تحقیقات کرنے والے جوڈیشل کمیشن کے سامنے اس دھماکہ خیز ریکارڈنگ کی پیشکش وزیر اعلیٰ کے کردار پر سنگین شکوک وشبہات جنم دیتی ہے۔ منی پور حکومت تو اسے جعلی قرار دے رہی ہے مگر یہ آڈیو ریکارڈنگ چیخ چیخ کر کہہ رہی ہے کہ موصوف نے پچھلے سال اپنی ریاست میں مہلک اور تباہ کن گولہ بارود (51 ایم ایم مورٹار بموں) کے استعمال کی اجازت دی تھی ۔ اس انکشاف سے گھبرا کر منی پور حکومت نے اس دعوے کی تردید میں کہہ دیا کہ ریکارڈنگ کے اندر بیرین سنگھ کی آواز 'جعلی' ہے۔ سرکار نے آڈیو ٹیپ 'مسخ شدہ' کہہ کر اسے کوکی اور میتئی سماجوں کے درمیان امن قائم کرنے کے لیے جاری عمل کو پٹری سے اتارنے کے مقصد سے کی جانے والی 'ملک دشمن' سرگرمی قرار دیا ہے۔ بیرین سرکار کی اس تردید کے باوجود یہ حقیقت ہے کہ تشدد کے دوران ریاست کے اسلحہ خانے سے لوٹا جانے والا بیشتر ہتھیار اور گولہ بارود ابھی تک برآمد نہیں ہوا۔ سرکاری اسلحہ ہنوز واپس کیوں نہیں ہوسکا اس سوال کا جواب مذکورہ بالا ویڈیو میں موجود ہے۔ وزیر اعلیٰ بیرین سنگھ کو اس ویڈیو میں اپنے حامیوں سے یہ کہتے ہوئے سنا جا سکتا ہے کہ انہوں نے ریاستی فورسز سے 4000-5000 اسلحہ اور گولہ بارود لوٹنے والوں کو گرفتار ہونے سے بچایا۔ وہ بڑی فراخدلی سے اعتراف کرتے ہیں کہ کوکی انہیں گالیاں دے سکتے ہیں، اور ایسا کرنا صحیح بھی ہے کیونکہ انہوں نے ان میں سے تقریباً 300 کی جان لی ہے، لیکن میتئی لوگوں کو انہیں گالیاں نہیں دینی چاہیے۔ ایسی توقع کرنے والے بیرین بھول جاتے ہیں کہ میتئی سماج کا عام آدمی ان کی مانند درندہ نہیں ہے۔ انسانیت نواز میتئی عوام نے گزشتہ انتخاب میں میتئی بی جے پی امیدوار کو شکست دے کر وزیر اعلیٰ کے منہ پر تھوک دیا۔ بیرین سنگھ کے بھائی راجندر کا فیس بک پر اس حساس ٹیپ کی تشہیر کرنے والوں کو ڈرانا دھمکانا بلا واسطہ اعتراف جرم کے مترادف ہے۔ بیرین سنگھ نے نیکر پہن کر آر ایس ایس کی شاکھا میں تربیت نہیں لی۔ گریجویشن کے دوران وہ فٹ بال کھلاڑی بن گئے اور پھر بی ایس ایف سے منسلک ہوگئے۔ یہ دونوں کام نہ آر ایس ایس کے لوگوں کے بس کی بات ہے اور انہیں اس میں دلچسپی ہے۔ اس کے بعد صحافی بن کر اخبار نکالا اور پھر جمہوری عوامی انقلابی پارٹی کے ٹکٹ پر اسمبلی کا انتخاب جیت لیا۔ آگے چل کر ان کی سمجھ میں آیا کہ اکیلا چنا بھاڑ نہیں پھوڑ سکتا اس لیے مشرف بہ کانگریس ہوگئے۔ کانگریس میں ان کی خوب قدر دانی ہوئی اور وہ وزیر آبپاشی، سیلاب کنٹرول اور نوجوانان کی فلاح وبہبود کے عہدے پر فائز کیے گئے۔ کانگریسی وزیر اعلیٰ اوکرام ایبیڈوسنگھ کے خلاف جب بغاوت ہوئی تو وہ 2016 میں ابن الوقتی کا چولہ اوڑھ کر بی جے پی کی گود میں جا بیٹھے۔ آسام کی مانند منی پور بی جے پی بھی قحط الرجال میں مبتلا تھی۔ آسام میں اس نے پہلے آسام گن پریشد سے آنے والے سربانند سونوال کو وزیر اعلیٰ بنایا اور پھر کانگریس سے برآمد شدہ ہیمنتا بسوا سرما کو کمان سونپی مگر منی میں فوراً بیرین سنگھ کی قسمت کھل گئی۔ بیرین سنگھ کو آر ایس ایس کی شاکھا میں نہ تو تربیت لینے کا موقع ملا اور نہ ضرورت پڑی۔ سنگھ پریوار رات دن محنت کرکے بغیر جو نفرت کا زہر پلاتے ہیں وہ ان کے پہلے ہی کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا تھا۔ یقین نہ آتا ہو تو آڈیو کا یہ حصہ دیکھیں: ''شروع شروع میں تو اس طرف (میانمار) سے آئے لنگی پہننے والے بھی تھے۔ وہ اب بھی ہیں۔ لیکن بڑی تعداد میں آرمی کی آمد کے بعد ان میں سے کئی پیچھے ہٹ گئے۔ اس وقت میں کافی مایوس ہوا تھا۔ مجھے اس بات کو لے کر بہت غصہ آیا کہ وہ جنہیں [میتئی] راجا نے پناہ دی تھی۔ وہ وادی میں آکر حملہ کرنے لگے۔ مجھ پر اس بات کا گہرا اثر ہوا، اس نے مجھے ڈرایا بھی ••• مجھے ایسا کہنا تو نہیں چاہیے، مگر اوپروالا اس بات کا گواہ ہے کہ اگر میں اس کرسی پر نہ بیٹھا ہوتا، قسم سے اگر میں سی ایم نہ ہوتا تو میں نے بم برسائے ہوتے۔ میں صاف صاف کہہ رہا ہوں بم برساتا!' ہندو راشٹر بنانے کے لیے آر ایس ایس کو بیرین سنگھ سے اچھی چال، چرتر اور چہرے والا رہنما نہیں مل سکتا۔ اس لیے اسے بلا توقف آگے بڑھا کر مودی کی کرسی پر براجمان کردیا جانا چاہیے۔ بی جے پی کے اندر فی الحال وزیر اعظم کی ولیعہدی سب سے زیادہ متنازع مسئلہ ہے۔ بیرین سنگھ نے اپنی کمال دیدہ دلیری کے مظاہرہ سے یہ گتھی سلجھادی ہے ۔ مودی جی کی وراثت کو امیت شاہ اپنی جانب کھینچ رہے ہیں اور یوگی ادیتیہ ناتھ اس پر اپنا دعویٰ ٹھونک رہے ہیں۔ آر ایس ایس چاہتا ہے کہ نیتن گڈکری جیسے وفا شعار فرمانبردار کے سر پر تاج رکھ دیا جائے لیکن اب اُس حقیقی وارثِ مودی کو تخت و تاج سونپ دینا چاہیے جو ببانگ دہل اعتراف کرتا ہے کہ ''کوکی مجھے ڈانٹیں گے، گالی دیں گے...... اور کیوں نہیں دیں گے؟ میں نے بہت بربادی کی ہے...... ضبطی ہوئی ہیں...... تو وہ کیوں مجھے بھلا برا نہیں کہیں گے؟ لیکن ہمارے درمیان...... کیا ••• انہیں نہیں پتہ کہ میں چیزوں کو کیسے دیکھ رہا ہوں؟ میرے ہاتھ سے طاقت لی جا چکی ہے۔ ان کے یہاں (کوکی برادری میں) زیادہ جانیں گئی ہیں۔ تقریباً 300 کوکی مارے گئے ہیں''۔ وزیر اعظم نریندر مودی سنگھ پریوار کی داخلی مہابھارت سے خوش ہیں کیونکہ اسی سے ان کا اقتدار محفوظ و مامون ہے ۔ بی جے پی داخلی چپقلش میں بیرین سنگھ کی آڈیو سے ایک نیا ٹویسٹ آگیا ہے۔ ان کی خاموشی سے 'بم مارو بم' کی حکمتِ عملی نے ثابت کردیا کہ گجرات فائلس کے ہیرو کے اصلی وارث تو وہی ہیں۔ شاہ سے لے کر یوگی تک تو صرف باتیں کرتے ہیں اکاّ دکاّ کوئی کانٹا نکال دینے یا کسی کے گھر پر بلڈوزر چلا دینے سے کیا ہوتا ہے؟ پوری ریاست کو خاک وخون میں جھونکنے کا جو عظیم کارنامہ گجرات کے سابق وزیر اعلیٰ نے انجام دیا تھا اس کا اعادہ کرنے کا اعزاز بیرین سنگھ کو جاتا ہے۔ منی پور کی یہ آڈیو ایک ایسے وقت میڈیا کی زینت بنی جب خود مودی جی بڑے آرام سے پولینڈ سے ہوکر یوکرین میں امن قائم کرنے کے لیے پہنچ گئے ہیں۔ اس سے قبل وہ کئی بار روس جاچکے ہیں کاش کہ انہیں ایک بار منی پور جانے کی توفیق ملتی۔ اس حوالے سے میڈیا میں پھیلی ہوئی پراسرار خاموشی حیرت انگیز ہے۔ یہ بیرین سنگھ کا خوف نہیں ہے بلکہ اس ٹیپ کے اندر امیت شاہ کا حوالہ ہے جس نے ہر سُو سناٹا بکھیر دیا۔ بڑے بڑے دلیر نظر آنے والے صحافیوں کی سٹی پٹی گم ہے۔ یہ آڈیو اگر منی پور کے بجائے مغربی بنگال سے نکل کر آتی اور اس میں بیرین سنگھ کے بجائے ممتا بنرجی کی آواز ہوتی تو تصور کریں کہ میڈیا میں کتنا ہنگامہ ہوتا اور ان کی ریاستی حکومت کو برخواست کرنے میں مرکزی حکومت کو کتنے منٹ لگاتی؟ شیخ حسینہ کو تو خیر وہاں کے فوجی سربراہ وقار الزماں نے ہندوستان میں پناہ لینے کا موقع دے دیا۔ ہمارے راجناتھ سنگھ تو ممتا کو بنگلا دیش جانے کی مہلت بھی نہ دیتے حالانکہ اس کے لیے انہیں ہوائی جہاز کی ضرورت بھی نہیں پڑتی۔ وہ تو برّی راستے سے جاسکتی ہیں۔ ممتا کو بلاتوقف اروند کیجریوال کے پاس تہاڑ جیل میں پہنچا دیا جاتا اور میڈیا اس پر خوش ہوکر یہ بتاتا کہ ممتا کو مسلمانوں کی خوشنودی کا یہ انجام ملا لیکن اب تو بیرین سنگھ کے بڑبولے پن پارٹی سمیت اس وزیر داخلہ کو بھی اپنی لپیٹ میں لے لیا ہے جنہوں نے پچھلے سال اگست میں اس کے استعفیٰ کا مطالبہ مسترد کے کلین چٹ دیتے ہوئے کہا تھا کہ وہ امن کی بحالی اور تفتیش میں تعاون دے رہے ہیں ۔ کیا بی جے پی کی شریعت میں اسلحہ تقسیم کرکے فسادیوں کو تحفظ

# ہندوستان کو اسلام کی ضرورت ہے



ایڈوکیٹ عثمان شہید

قارئین کرام! انسان نے بہت ترقی کی ہے، چاند پر جاکر واپس آگیا ہے اور اب تو سورج کے دروازہ پر دستک دے رہا ہے۔ گویا سورج کو بھی مسخر کرنے کی کوشش کررہا ہے، ہوسکتا ہے کہ کامیاب ہوجائے۔ لیکن تمام کوششوں کے باوجود انسان کئی ایک بیماریوں پر آج بھی قابو نہیں پاسکا۔ لاک ڈاؤن ہوا لاکھوں لوگ مارے گئے، پھر لاک ڈاؤن ہونے کا خدشہ سائنسدانوں نے ظاہر کیا ہے۔ لاک ڈاؤن بیماری نہیں، بیماری کا علاج ہے۔ لوگوں نے لاکھوں روپے خرچ کئے لیکن اس بیماری کا علاج نہ ہوسکا۔ فرزندان آدمؑ کے وجود سے لے کر آج تک انسان ایک دوسرے کے خون کا پیاسا رہا ہے اور اس پیاس کو بجھانے کے لئے کسی نہ کسی عنوان پر ایک دوسرے کا قتل کرر ہا ہے۔ لیکن انسان کی اس ذلیل ترین حرکت کا کوئی مداوا نہیں ہوسکا۔ کب کون انسان جانور کے روپ میں اچانک آجاتا ہے، ہم یقین نہیں کرسکتے۔ مغربی بنگال میں ایک بیچاری ڈاکٹر کا کوئی قصور نہیں تھا اپنی رات کی ڈیوٹی پر اپنا فرض انجام دے رہی تھی لیکن ایک درندہ انسان کے روپ میں اچانک ظاہر ہوا اور یہ بے بس لڑکی کو بلاوجہ اپنی ہوس پورا کرنے کے لئے وہاں نہ صرف اس لڑکی کو قتل کرتا ہے بلکہ اس کی عصمت ریزی بھی کرتا ہے۔ آخر ہندوستان میں جتنے واقعات اس قبیل کے ہوئے ہیں اس کا بغور جائزہ لیا جائے تو ہم اس نتیجہ کو پہنچتے ہیں کہ الحمدللہ کم سے کم مسلمان ایسے واقعات میں ملوث نہیں پائے گئے ہیں۔ یہ سب اسلام کے اُصولوں کا نتیجہ ہے۔ اسلام میں چونکہ زنا کی سزا موت ہے اس لئے ڈر موت کا اتنا گہرا ہے کہ بس سے بدترین گنہگار ایسا فعل کرنے سے پہلے دس بار سوچتا ہے۔ اسی لئے اڈوانی نے جب وہ وزیر داخلہ تھے کہا تھا کہ زنا کی سزا پھانسی دی جائے۔ ہم بھی تو یہی کہتے ہیں کہ زنا کے ملزم کو پھانسی پر لٹکا دیا جائے۔ وہ ملک جہاں زنا کی سزا پھانسی ہے ایسی حرکت سے محفوظ ہے۔ اور کم سے کم واقعات کے شاہد ہیں۔ صرف اڈوانی نہیں غرض یہ کہ قانون نیا نہیں، عام انسان بھی اس امر کا داعی ہے کہ واقعی زنا کی سزا موت ہونی چاہئے اور انسان کو خطرناک جرائم سے روکنے کے لئے اسلام کے اصولوں کے تحت سزا دی جانی چاہئے۔ چوری کی سزا کے بطور انسان کے ایک ہاتھ کو کاٹ دیا جائے اور دیکھئے کتنے انسان چوری سے باز رہتے ہیں۔ مار پیٹ، دھوکہ دہی، عورتوں پر ظلم ایسے کئی اور واقعات صفحات کی زینت نہیں بنیں گے۔ ایسے واقعات بہت کم ہوتے تھے جب مسلمان بادشاہت کرتے تھے اور از روئے اسلام حکومت کرتے تھے۔ الحرا بالحرے کے اصول پر عمل پیرا تھے۔ نام نہاد ترقی پسندی نے عام انسان کو نئی تہذیب سے آشنا کردیا۔ کپڑے زیب تن کردیئے بلکہ عام کپڑوں کی جگہ سوٹ اور شیروانی نے لے لی، لیکن اس کی فطرت کو نہیں بدل سکے۔ موجودہ قوانین انسان کو بری حرکتوں سے محفوظ نہیں کررہے ہیں۔ reformative theory، crpc کے ضابطہ کے تحت جنم تو لے چکی ہے لیکن موثر ثابت نہیں ہوسکی۔ ایک ہفتہ کے اندر عصمت ریزی وقتل کے تین واقعات اس بات کی گواہی دے رہے ہیں کہ انسان شرافت کا لبادہ تو پہن رہا ہے لیکن کون کب درندہ بنتا ہے کہا نہیں جاسکتا۔ اس کو روکنے کے لئے اسلامی اصول کا سختی سے نفاذ ضروری ہے۔ اللہ نے جو قوانین نافذ کئے ہیں وہ انسانوں کے حق میں بہتر ہیں۔ آج نہیں تو کل انسان ایسے قوانین پر عمل کرے گا کیونکہ ایسے قوانین کے تحت ہی اس کی بقاء اور درندگی سے حفاظت ہوسکتی ہے۔ دو وقت کی روٹی اور دو گز کپڑا تو انسان کی ضرورت ہے، یہ تو پورا کرو، دنیا چاند بن جائے گی۔ چاند پر جانے کی ضرورت نہیں پڑے گی، سورج کی طرح جگمگائے گی، ہر پھول تاروں کی طرح چمکیں گے۔ یونانی فلاسفر دیودانس کلبی نے کیا خوب کہا تھا جب سکندر اعظم ملنے آیا تھا اس نے سکندر سے صرف اتنا کہا تھا کہ آپ میرے سامنے سے ہٹیئے ورنہ آپ دھوپ کو روک رہے ہیں۔ یہ کہنا یا کلبی کا فرمان ثابت کررہا ہے کہ انسان کو کسی چیز کی ضرورت نہیں صرف دھوپ چاہئے زندہ رہنے کے لئے۔ رشی منی، بڑے بڑے بندگانِ خدا نے کبھی دنیوی خواہشات کی پیروی نہیں کی، دنیا کو ٹھوکر پر رکھا اور ہمیشہ یہی کہا کہ


مٹادے اپنی ہستی کو اگر کچھ مرتبہ چاہئے
کہ دانہ خاک میں مل کر گل گلزار ہوتا ہے

رنگا بلا کی زندگی کتے کی زندگی ہے، قانون پر سختی سے عمل ثابت کرتا ہے کہ بادشاہوں کے قبور تک ملیامیٹ ہوگئے لیکن اللہ والوں کے مزار آج بھی مرجع خلائق بنے ہوئے ہیں۔

## کابل۔ اسلام آباد مسائل کے حل کے لیے مذاکرات کلید۔ حافظ نعیم رحمان

کراچی۔ 25/ اگست۔ ایم این این۔ پاکستان کی جماعت اسلامی کے رہنما حافظ نعیم الرحمان نے ایک پریس کانفرنس میں کابل اور اسلام آباد کے درمیان موجودہ چیلنجز سے نمٹنے کے لیے بامعنی مذاکرات کی ضرورت پر زور دیا۔ پاکستانی سیاست دان نے اپنی حکومت پر زور دیا کہ وہ امارت اسلامیہ کے ساتھ مذاکرات میں شامل ہو۔ پاکستان کی جماعت اسلامی پارٹی کے رہنما نے صحافیوں کو بتایا، ''مذاکرات کا دروازہ کھلا رہنا چاہیے، کیونکہ یہی حل ہے۔ آپ کو یاد ہوگا کہ ہم نے ہمیشہ پریس کانفرنسوں میں اس بات پر زور دیا ہے کہ حکومت پاکستان کو افغانوں کے ساتھ بات چیت کرنی چاہیے۔ طالبان یا افغان حکومت، جن کے سفیر کو حال ہی میں متحدہ عرب امارات نے قبول کیا ہے، میرے خیال میں یہ مسئلہ بات چیت کے بغیر حل نہیں ہو سکتا۔ اپنے تبصرے کے ایک اور حصے میں حافظ نعیم الرحمن نے افغانستان اور پاکستان کے درمیان اچھے تعلقات برقرار رکھنے کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان تعلقات کشیدہ ہونے والے حالیہ اقدامات پاکستانی عوام نے نہیں بلکہ بعض پاکستانی حکام نے کیے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ'' پاکستان کو سمجھنا چاہیے کہ دونوں ممالک آزاد ہیں اور ان کی آزادی کا احترام کیا جانا چاہیے، افغانستان ہمارا برادر ملک ہے، دونوں ممالک کے تعلقات، جو تقریباً 45 سال سے ایک دوسرے کا ساتھ دے رہے ہیں، کی جانب سے کیے گئے اقدامات کی وجہ سے خراب ہوئے ہیں۔ امارت اسلامیہ نے ابھی تک اس پاکستانی سیاستدان کے ریمارکس پر کوئی تبصرہ نہیں کیا ہے۔ کابل اور اسلام آباد کے درمیان سرحدی جھڑپوں اور افغانستان میں تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) کی موجودگی کے حوالے سے بعض پاکستانی سیاسی اور عسکری حکام کے بیانات کے بعد تعلقات خراب ہوگئے ہیں۔ بعض تجزیہ کاروں کا خیال ہے کہ پاکستان کو اپنے سیکورٹی چیلنجز کی جڑیں اپنی سرزمین میں تلاش کرنی چاہئیں۔ ایک سیاسی تجزیہ کار ادریس محمدی زازی نے کہا ''اب، اگر پاکستان اپنے مسائل کو حل کرنا چاہتا ہے اور ایک مضبوط پاکستان چاہتا ہے، تو اسے پاکستان کے اندر اپنے چیلنجز سے نمٹنے اور اپنے مسائل کے بارے میں سوچنا چاہیے۔ انہیں اپنے لوگوں سے بات کرنی چاہیے جو ان کیلئے مصیبت کا سبب بن رہے ہیں۔ قبل ازیں وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا نے افغانستان کے حوالے سے پاکستان کی حالیہ پالیسیوں پر تنقید کرتے ہوئے یہ بھی کہا تھا کہ اسلام آباد کو کابل سے اچھے تعلقات کی امید نہیں رکھنی چاہیے۔

روزنامہ
ورقِ تازہ
ریاستی-قومی
दैनिक वरक-ए-ताजा
26 Aug. 2024




# خواتین پر جنسی تشدد کے خلاف جماعت اسلامی کا احتجاج ومحضر



جلگاؤں:25/اگست (شیخ زیان احمد): یوں تو ملک عزیز میں ہر منٹ خواتین، نوجوان اور معصوم بچیّاں جنسی درندگی کا شکار ہورہی ہیں لیکن گزشتہ کچھ واقعات نے بھارت کے ہر بھلے مانس کے دلوں کو دہلا دیا ہے۔ جس کے لیے بھارت میں مختلف مقامات پر الگ الگ انداز میں ہر اچھے شہری اور تنظیموں نے خاطیوں کی گرفتاری اور سزا کے لیے مطالبہ اور احتجاج بھی کیا ہے جو ہنوز جاری ہے۔ ناری سمّان والے بھارت میں خواتین پر جنسی مظالم ملک عزیز کی ساکھ کو مسدود کرنے والے ہیں۔ ایک طرف بھارت کی بیٹیاں اولمپک میں ملک کا نام روشن کررہی ہیں اور دوسری طرف یہ انسانیت سوز مظالم ہر شہری کو پریشان کئے ہوئے ہیں۔ جماعت اسلامی ہند اپنے قیام کے بعد سے ہی معاشرہ میں امن وسلامتی، ملک کی ترقی اور بھلائی کے لیے کوشاں اور سرگرم عمل رہتی ہے۔ ملک جاری جنسی تشدد بالخصوص کولکاتہ اور بدلاپور کے واقعات کے خلاف جماعت اسلامی ہند، جلگاؤں کی خواتین وِنگ نے زبردست احتجاج کیا اور ضلع کلکٹر ڈاکٹر آیوش پرساد کے ذریعہ حکومت کو محضر کے ذریعہ خاطیوں کو کیفر کردار تک پہنچانے کی پرزور اپیل کی۔ اس موقع پر نسرین خان (خواتین وِنگ کی مقامی ناظمہ)، شبانہ دیشمکھ، خورشید باجی، نازیہ کھاٹک، صالحہ شاہ، ذاکرہ خان، نجمہ باجی، فرزانہ دیشمکھ، نسیم باجی، نازیہ دیشمکھ، سعیدہ باجی، ثمینہ باجی (GIO) عمارہ تسنیم، اور نورصبا باجی موجود تھے۔ اس وقت جماعت کے ذمہ داران میں سے محمد سمیع صاحب، شیخ مشتاق احمد (امیر مقامی)، شیخ فرید سر، شیخ تاج الدین اور شفقت سر موجود تھے۔

پرانی پنشن کے لیے کی گئی ہڑتال کو

# مہاراشٹر اسٹیٹ جونی پنشن رائٹ ایسوسی ایشن کی فعال حمایت!

**حقوق کی جنگ میں دعوتیں نہیں بھیجی جاتیں۔**
**جس کا ضمیر زندہ ہے وہ خود حق کی لڑائی میں شامل ہو جاتے ہیں.!**



